© rasailojaraid.com

**مشرقی ترکستان** مؤلف: عیسیٰ یوسف الپتگین - ترجمہ و تلخیص و حواشی از جناب ثروت صولت صاحب - بہ اہتمام: ادارۂ معارف اسلامی کراچی - ناشر: اسلامک پبلیکیشنز، شاہ عالم مارکیٹ لاہور- قیمت ۲۲/۵۰ روپے

ثروت صولت صاحب مورخانہ ذوق کے ساتھ ترکی زبان میں خاص دستگاہ رکھنے کی وجہ سے ترکی اور وسط ایشیا کی ترکستانی ریاستوں کے بارے میں (جو اپنا آزادانہ وجود کھو چکی ہیں) خاصا مطالعہ رکھتے ہیں اور ان کے تحقیقی و تصنیفی کام کا یہ خصوصی میدان ہے۔

اسی سلسلے میں ان کی ترجمہ کردہ تازہ کتاب مشرقی ترکستان شائع ہوئی ہے۔ حسبِ روایت پہلے اس علاقے کی قدیم روایت کا خاکہ درج کیا گیا ہے، نیز جغرافیائی حالات، تجارت، مواصلات، آبادی، زبان، تعلیم اور لٹریچر وغیرہ کا ذکر ہے۔ پھر مشرقی ترکستان پر کئی بار چین کا قبضہ ہونا مگر پھر کھدیڑ دیا جانا، ایک بار روس کا بھی مختصر دورِ تسلط، آخر میں ۱۸۷۶ء میں چین کا تسلط جو اب تک جاری ہے۔ اس سارے زمانے کی کشمکش کی داستان کتاب میں آگئی ہے۔

مشرقی ترکستان کے مسلمانوں کو سیاسی، اقتصادی، مذہبی اور تہذیبی لحاظ سے جو لمبی آزمائش درپیش ہے، اس میں انہیں نہ پاکستان کی طرف سے کوئی کلمۂ ہمدردی نصیب ہوا، نہ جملہ عالمِ اسلام کی طرف سے ان کے زخموں پر کسی کی ہم نوائی نے مرہم رکھا۔ یہ لوگ ۱۲ نومبر کو سرکاری طور پر منائے جانے والے یومِ جمہوریت کے ساتھ اپنی غلامی کے خلاف شبِ نفرت بھی مناتے ہیں۔ کتاب کے آخر میں مشرقی ترکستان کے مسلمانوں کی طرف سے اسلامی دنیا کے نام دردناک اپیل درج ہے جسے ہر مسلم ملک کے ہر فردِ مسلم کو پڑھنا چاہیے۔

---

**ہفت روزہ "ندا"** مدیر مسئول: اقتدار احمد - دفتر: ۱۲- افغانی روڈ، سمن آباد، لاہور- قیمت فی شمارہ ۶/- روپے، سالانہ ۲۵۰/- روپے

ہم اس نئے ہفت روزہ کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ کسی ہفت روزے کے زندہ رہنے کے لیے جس طرح کے مضامین اور جیسی ترتیب اور گیٹ اپ کی ضرورت ہوتی ہے، ادارہ کے

© rasailojaraid.com